سوال

(89) میں مسجد میں نماز جمعہ نہیں پڑھ سکا تو کیا گھر میں دو رکعتیں پڑھوں

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جب میں مسجد میں جماعت کے ساتھ نماز جمعہ نہ پڑھ سکوں تو کیا گھر میں نماز جمعہ کی نیت کے ساتھ دو رکعتیں پڑھوں یا نماز ظہر کی نیت کے ساتھ چار رکعتیں پڑھوں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو شخص بیماری وغیرہ کے کسی شرعی عذر کی وجہ سے مسلمانوں کے ساتھ جمعہ نہ پڑھ سکے تو اسے نماز ظہر پڑھنی چاہیے۔ عورت کو بھی نماز ظہر پڑھنی چاہئے اور اسی طرح مسافر اور بادیہ نشین لوگ بھی نماز ظہر ادا کریں گے۔ جیسا کہ سنت سے ثابت ہے، اکثر اہل علم کا قول بھی یہی ہے اور مسئلہ میں شاذ رائے رکھنے والے کے قول کا کوئی اعتبار نہیں۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

مقالات وفتاویٰ

ص235

محدث فتویٰ